# 25-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر آئی ٹی وی صنعت سری دھر بابو نے کہا کہ تلنگانہ حکومت ای گورننس اور ڈیجیٹل پبلک خدمات کو مستحکم کرنے کے لئے اسٹونیا سے اشتراک کرے گی۔

۲۔ ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے اعلان کیا کہ سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کے یوم پیدائش کے موقع پر 19 نومبر کو ریاست میں نو تعمیر کردہ ایک ہزار سے زیادہ آنگن واڑی عمارتوں کا افتتاح کیا جائے گا۔

۳۔ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ جھوٹے وعدوں اور غیر آئینی تحفظات کے ذریعہ پسماندہ طبقات کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

اور

۴۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے آئی اے ایس آفیسر وائی سری لکشمی کی جانب سے اوبولا پورم مائننگ کمپنی میں غیر قانونی طور پر کانکنی کیس میں انہیں بری کئے جانے سے متعلق نظر ثانی شدہ عرضی کو مسترد کر دیا۔

CHEES KONERU HUMPAY:

ہندوستان کی نمبر ایک خاتون چیس کھلاڑی کونیرو ہمپی نے جارجیا باتومی میں منعقدہ خواتین کے عالمی کپ کے ایک مقابلہ میں چین کی سرکردہ کھلاڑی لی تینگ جی کو شکست دی۔ ریاپڈ اور بلٹس فارمیٹ دونوں میں ہمپی نے تینگ جی کو پانچ کے مقابلہ تین پوائنٹس سے ہرایا۔ خطابی مقابلہ کیلئے ہمپی کا مقابلہ 19 سالہ دیویا دیشمکھ سے ہوگا۔ ہمپی ہندوستان کی پہلی خاتون کھلاڑی ہیں جنہوں نے گرانڈ ماسٹر کا ٹائٹل جیتا ہے اور مسلسل دوسری مرتبہ اس ٹورنمنٹ کے لئے کوالیفائی ہوئی ہے۔ آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے گرانڈ ماسٹر کونیرو ہمپی کو خواتین کے عالمی کپ کے فائنل میں پہنچنے پر مبارکباد دی۔

SEETHAKKA:

ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکانے اعلان کیا کہ سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کے یوم پیدائش کے موقع پر 19 نومبر کو ریاست میں نو تعمیر کردہ ایک ہزار سے زیادہ آنگن واڑی عمارتوں کا افتتاح کیا جائے گا۔ سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس کے دوران ریاستی وزیر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کاموں میں تیزی لائی جائے اور معینہ وقت کے اندر کام مکمل کئے جائیں۔ آنگن واڑی خدمات میں بہتری اور ریاست بھر میں تغذیہ کے مسائل کے ضمن میں 100 روزہ لائحہ عمل کے ضمن میں یہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ کے آنگن واڑی مراکز ملک کیلئے رول ماڈل ہونا چاہئے۔

KISHAN:

مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ جھوٹے وعدوں اور غیر آئینی تحفظات کے ذریعہ پسماندہ طبقات کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی بی سی طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کا اعلان کرتے ہوئے طبقہ کے لوگوں کو دھوکہ دے رہی ہے۔ کشن ریڈی نے دعویٰ کیا کہ 42 فیصد تحفظات میں مسلمانوں کیلئے 10 فیصد کوٹہ شامل ہے۔ کشن ریڈی نے سابق وزیراعلیٰ آنجہانی وائی ایس راج شیکھر ریڈی کے دور میں بی سی ای زمرہ کے تحت مسلمانوں کو دئے گئے چار فیصد تحفظات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہائی کورٹ نے دو مرتبہ اسے غیر آئینی قرار دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کانگریس واقعی بی سی طبقات کی فلاح و بہبود چاہتی ہے تو ریونت ریڈی استعفیٰ دیتے ہوئے کسی بی سی طبقہ کے فرد کو وزیراعلیٰ بنائیں۔

CABINET:

آج منعقد ہونے والے ریاستی کابینہ کے اجلاس کو ملتوی کردیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ اجلاس اب پیر کو ہوگا۔ حالانکہ اجلاس کو موخر کرنے سے متعلق وجوہات نہیں بتائی گئی ہے لیکن تبدیل شدہ تاریخ سے تمام محکمہ جات کو واقف کروادیا گیا ہے۔ آئندہ اجلاس کے دوران اہم انتظامی و پالیسی امور پر گفتگو ہوسکتی ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ سمیت چند کابینی وزرا دہلی میں تھے وہ آج شام واپس ہورہے ہیں۔

SC:

سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ میں کہا کہ جموں وکشمیر یونین ٹیری ٹیری میں پارلیمانی حلقوں کی حد بندی کی مشق کرانے اور یہی مشق تلگو ریاستوں میں نہ کرانے سے آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے خلاف مرکزی حکومت کا کوئی امتیازی سلوک ظاہر نہیں ہورہا ہے۔جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی بنچ نے آئین کی دفعہ 170(3) کا حوالہ دیا۔عدالت نے کہا کہ سال 2026ء میں منعقد ہونے والی مردم شماری کے بعد ہی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں حد بندی کی مشق کرائی جائے۔ عدالت نے حد بندی سے متعلق پروفیسر کے پرشوتم ریڈی کی عرضی کو خارج کردیا۔

LS - RS - ADJOURN

پارلیمنٹ میں آج اپوزیشن پارٹیوں کے ہنگاموں کی وجہ سے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ پہلے التوا کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی جب دو پہر دو بجے شروع ہوئی اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا اور کارروائی میں خلل ڈالا۔اجلاس کی صدارت کررہے بی جے پی رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال نے اپوزیشن ارکان کو اپنی نشستوں پر واپس ہونے اور ایوان کے کام کو چلنے دینے کی اپیل کی۔تاہم اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی جاری رہی۔جس کے بعد لوک سبھا کی کارروائی کو دن بھر کے لئے ملتوی کردیا گیا۔ادھر راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کی ہنگامہ آرائی دیکھنے کو ملی۔ایوان بالا کی کارروائی پہلے 12 بجے دن تک ملتوی کی گئی تھی بعد میں پھر اسے دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ راجیہ سبھا میں گھن شیام تیواری نے وقفہ سوالات چلانے کی کوشش کی تاہم مسلسل ہنگامہ کے بعد انہوں نے کارروائی کو ملتوی کردیا۔

OTT BAN:

مرکزی حکومت نے عریانیت اور ناشائستگی والا مواد دکھانے والے 25 او ٹی ٹی ویب سائٹس اور ایپس کو بلاک کرنے کی ہدایت دی ہے۔وزارتِ اطلاعات ونشریات نے بتایا ہے کہ مذکورہ پلیٹ فارمس پر جنسی ہراسانی سے متعلق سین دکھائے جارہے تھے۔مرکزی وزارتِ داخلہ، مرکزی وزارتِ بہبودی و اطفال، مرکزی وزارتِ انفارمیشن تکنالوجی، محکمہ قانونی امور، صنعتی اداروں، ایف آئی سی سی آئی اور سی آئی آئی کے علاوہ خواتین اور بچوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والے نمائندوں کی مشاورت کے بعد وزارت اطلاعات ونشریات نے یہ مذکورہ سائٹس اور ایپس کو بلاک کرنے کا فیصلہ کیا۔

OMC:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آئی اے ایس آفیسر وائی سری لکشمی کی جانب سے اوبولا پورم مائننگ کمپنی میں غیر قانونی طور پر کانکنی کیس میں انہیں بری کئے جانے سے متعلق نظر ثانی شدہ عرضی کو مسترد کر دیا۔ عدالت نے انہیں بطور ملزم برقرار رکھا جس کے بعد میں سی بی آئی کیلئے آئی اے ایس آفیسر کے لئے کارروائی کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ اکتوبر 2022ء میں سی بی آئی کی ایک عدالت نے سری لکشمی کی ڈسچارج عرضی کو خارج کر دیا تھا۔ سری لکشمی نے اسی فیصلہ کو ہائی کورٹ میں چیالنج کیا تھا حالانکہ ہائی کورٹ نے ان کے حق میں پہلے فیصلہ سنایا تھا۔ تاہم سی بی آئی نے اس کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا جس کے بعد سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کو ہدایت دی تھی کہ وہ اس کیس کو تین مہینہ کے اندر دوبارہ سماعت کرے۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے فریقین کی بحث سننے کے بعد آج سری لکشمی کی عرضی کو مسترد کر دیا۔

LS - MEETING:

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج لوک سبھا کی تمام پارٹیوں کے قائدین کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا تاکہ جاریہ مانسون سیشن کی کارروائی احسن انداز میں چل سکے۔ اجلاس کے دوران اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ پیر سے ایوان کی کارروائی خوشگوار طریقہ سے چلے گی۔ اس اجلاس میں بی جے پی، کانگریس، ایس پی، جے ڈی یو، ٹی ایم سی سمیت دیگر پارٹیوں کے قائدین موجود تھے۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر آئی ٹی وی صنعت سری دھر بابو نے کہا کہ تلنگانہ حکومت ای گورننس اور ڈیجیٹل پبلک خدمات کو مستحکم کرنے کے لئے اسٹونیا سے اشتراک کرے گی۔ ہندوستان کے لئے اسٹونیا کے سفیر مارجولگ کے ساتھ سکریٹریٹ میں ایک اجلاس کے بعد ریاستی وزیر نے طبی ریکارڈس کے 100 فیصد ڈیجیٹلائزیشن کی حصولیابی پر اسٹونیا کی ستائش کی۔ سریدھر بابو نے اسٹونیا کے اڈوانسڈ ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر اور تکنیکی مہارت سے ریاست میں بھی استفادہ کرنے کی بات کہی۔

WEATHER

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست کے تمام اضلاع کے مختلف مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ مختلف اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جئے شنکر بھوپال پلی، بھدرادری کوتہ گوڑم کے الگ الگ مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔

○○